امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید کی طرف سے
نئے شامل ہونے والے رفقاء کے لیے چند عملی گذارشات

1۔ ایمان واصلاح ذات: ایمان ویقین میں اضافہ اور اصلاح ذات کے حوالے سے ''رفقاء تنظیم کے مطلوبہ اوصاف'' جو کہ دستورِ تنظیم اسلامی اور نظام العمل میں درج ہیں، کا مطالعہ اور ان کو اپنا معمول بنانا آپ کی ترجیح اوّل ہونی چاہیے۔ اس ضمن میں وقتاً فوقتاً ترجیحاً روزانہ اپنا جائزہ بھی لیتے رہیے۔ (تنظیم کی طرف سے مہیا کردہ ذاتی احتسابی یادداشت بک اس ضمن میں ان شاءاللہ مفید ہوگی۔)

2۔ دعوت: قرآن کا جو پیغام اور دینی فرائض کا جامع تصور اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم کی بدولت آپ کے سامنے آیا ہے، اس پر خود کاربند ہوجایئے اور فوراً ہی دینی اصول ''الاقرب فالاقرب'' کی بنیاد پر اپنے قریبی رشتہ داروں تک قرآن کے اس آفاقی پیغام کو پہنچانے اور اس کے حوالے سے دعوت الی اللہ کا اہتمام آپ کی اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے، اس مقصد کے لیے بہتر ہوگا کہ اپنے قریبی عزیزوں اور رشتہ داروں کی فہرست بنالیجیے اور ان میں سے کسی ایک یا دو افراد تک دعوت وتبلیغ کا کام فوراً شروع کردیجیے۔

3۔ تربیت: درج بالا دونوں کام کرنے کے لیے ضروری تربیت حاصل کرنے کی اہمیت تو ظاہر وباہر ہے چنانچہ تنظیم کی طرف سے ترتیب دیے گئے تمام دعوتی وتربیتی پروگراموں میں کل وقتی اور بروقت شرکت کرنا اور طے شدہ تربیتی نصاب سے گزرنا اس مقصد کے حصول کے لیے ازبس ضروری ہے۔

4۔ تنظیم: فریضہ اقامت دین کی ادائیگی کی اس جدوجہد میں آپ کی معاونت کرنا تنظیم کے قیام کا اصل مقصد ہے۔ بنابریں یہ مقصد صحیح طور پر تب ہی پورا ہوسکتا ہے جب آپ ''سمع وطاعت'' یعنی جماعتی نظم وضبط کے صحیح طور پر خوگر بنیں گے اور تنظیم کی طرف سے عائد کردہ تمام تقاضوں کو دینی تقاضے سمجھتے ہوئے اسے تمام دنیاوی معاملات پر ترجیح دیں گے۔

...

...

ضروری کوائف

1۔ عمر/تاریخ پیدائش _____ ازدواجی حیثیت واولاد _____

2۔ موجودہ پتہ _____

3۔ فون رہائش _____ فون دفتر _____

4۔ موبائل _____ ای میل _____

5۔ مستقل پتہ _____

6۔ تعلیم _____ ذریعہ معاش _____

7۔ کس ذریعے سے شامل ہوئے _____

8۔ دیگر _____

		-							-		-		

تاریخ وصولی _____

دستخط امیر حلقہ _____

صرف تنظیمی استعمال کے لیے